اگلے 5 سالوں میں
لوگ بھول جائیں گے
کہ یہ (اذان) بھی موجود تھا۔

-یوگی آدتیہ ناتھ
Pg.16

JEM Newsletter

May 2024

102 نفرت انگیز کیسس

مئی 2024 کو ریکارڈ کئے گئے



Justice and Empowerment of Minorities
A Jamiat Ulama-i-Hind Initiative

ڈائریکٹر کی قلم سے

فرقہ وارانہ تشدد اور نفرت انگیز تقاریر بھارت کی جمہوری اقدار اور سماجی اتحاد کے لیے ایک سنگین چیلنج ہے۔ فرقہ وارانہ ہم آہنگی پر حملے بھارت میں اب جزوی واقعات نہیں رہے بلکہ ملک کے الگ الگ حصوں میں اس کے اثرات پائے جاتے ہیں۔ اقلیتوں کے خلاف تشدد، بااثر شخصیات کی جانب سے نفرت انگیز تقاریر اور تفرقہ پیدا کرنے کے لیے سوشل میڈیا کا استعمال مزید پریشان کن امر ہے۔ یہ صرف امن کی خلاف ورزیاں نہیں ہیں بلکہ سیکولرازم اور بقائے باہمی کے اصولوں پر حملہ بھی ہے۔

ایک اسکول کی پرنسپل کو ایک ویب سائٹ کی جانب سے اس کے مبینہ سیاسی نظریات رکھنے کی وجہ سے نشانہ بنایا گیا، اس سے متاثر ہو کر انتظامیہ نے اسے استعفی دینے پر مجبور کیا۔ مذہبی تبدیلیوں کے خلاف نفرتی بیان بیازی، اسٹریٹ فوڈ فروشوں پر حملے، اور مسلم مخالف سازشی نظریات کا پھیلاؤ خوف کی فضا کو جنم دیتا ہے۔ دیگر پریشان کن واقعات میں سوشل میڈیا پر فرقہ وارانہ تبصرے، ہجوم کے ذریعہ صفائی کے کارکنوں اور عیسائیوں پر حملے، لوک سبھا میں دلت امیدواروں کو نشانہ بنانا، بعض علاقوں میں منصوبہ بند فسادات، اور مختلف لیڈروں کی طرف سے اقلیتی برادریوں کے خلاف دھمکیاں شامل ہیں۔

ہم ان حالات میں خاموش تماشائی نہیں بن سکتے۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ تشدد پر اکسانے اور ملوث ہونے والوں کو انصاف کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے۔ قانونی کارروائی سے ہٹ کر، نفرت کی اس لہر کو روکنے کے لیے ہمیں اجتماعی سماجی ردعمل کی ضرورت ہے۔ یہ لمحہ ہم میں سے ہر ایک سے غور و فکر اور عمل کا مطالبہ کرتا ہے۔ ہمیں ان بیانیوں کو چیلنج کرنا چاہیے جو تقسیم پر مبنی ہیں۔ ہمارے وطن کی طاقت اس کے تنوع میں مضمر ہے، اور ہر کوئی، چاہے وہ کسی بھی مذہب یا ذات سے ہو، تحفظ اور وقار کے ساتھ رہنے کا مستحق ہے۔ حکومتوں، برادریوں اور افراد کو ہمارے آئین کے اصولوں کی حمایت کے لیے متحد ہونا چاہیے۔

محمود اسعد مدنی

ڈائریکٹر، جیم

نفرت انگیز جرائم اور نفرت انگیز تقریر کے واقعات، مئی 2024



یکم مئی 2024

اتراکھنڈ کے وزیر اعلی پشکر سنگھ دھامی ایک انتخابی ریلی میں زمینی جہاد کے سازشی نظریہ کی تبلیغ کر رہے ہیں۔ وہ کہہ رہے ہیں کہ "سازش کے تحت جو لینڈ جہاد چل رہا تھا اس کے ویردھ 5000 سے زیادہ زمین 'زمین جہاد' سے مکت کرائی گئی ہے۔" (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) پر ایک ویڈیو)

وزیر اعظم نریندر مودی یہ جھوٹا دعویٰ کرتے ہوئے مسلمانوں کے خلاف خوف پھیلانے میں ملوث ہیں کہ "کانگریس ہر ایک کی جائیداد کو خاص لوگوں میں تقسیم کردے گی (مسلمانوں کا حوالہ دیتے ہوئے)۔" (ہیٹ ڈیٹیکرس (X) پر ایک ویڈیو)

یوگی آدتیہ ناتھ کہہ رہے ہیں "کانگریس آپ کی دولت بنگلہ دیشی اور روہنگیا دراندازوں میں بانٹ دے گی.... وہ مزید کہہ رہے ہیں کہ کاشی اور ایودھیا کے بعد، ہم متھرا جا رہے ہیں۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) پر ایک ویڈیو نشر)

وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک انتخابی ریلی میں کہا کہ "سمبھاجی مہاراج کی سرزمین میں، وہ (اپوزیشن) اورنگ زیب کے ماننے والوں کا ساتھ دے رہے ہیں۔" (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) نے ایک ویڈیو شائع کی)

گئو رکشکوں کے ایک گروہ نے مویشی لے جانے والے ٹرک ڈرائیور کی بری طرح پٹائی کی۔ (دی مسلم (X) پر ایک ویڈیو)

وزیر داخلہ امت شاہ وزیر اعظم نریندر مودی کے فرقہ وارانہ باتوں کو دہرا رہے ہیں کہ کانگریس ملک کے وسائل مسلمانوں میں تقسیم کردے گی۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) نے ایک ویڈیو شیئر کی)



ممبئی کے سومیا اسکول نے اپنی پرنسپل پروین شیخ سے اوپ انڈیا کے ایک مضمون کے بعد استعفیٰ دینے کو کہا۔

اوپ انڈیا ایک ہندوتوا نظریات پر حامل ویب سائٹ ہے، جس نے ایک مضمون شائع کیا کہ پرنسپل صاحبہ ایک خاص سیاسی نظریہ سے منسلک ہیں، اس ویب سائٹ نے جھوٹ اور فریب سے ان کے بیان کو غلط رخ پر پیش کیا۔ (اسکرول نے یہ خبر شائع کی)

انتہائی دائیں بازو کے گروپوں نے مبینہ طور پر مذہب کی تبدیلی کے خلاف احتجاج کیا اور مسلمان کو نشانہ بنایا، اسی طرح محمد فیضان امیر الدین شیخ (26) ایک اسٹریٹ وینڈر کے ساتھ بدتمیزی کی گئی، امیر الدین پر تین پولیس والوں نے حملہ کیا اور اپنی پی سی آر وین سے اسے دور تک گھسیٹا۔ (ہیٹ ڈیکٹرس (X) نے ایک ویڈیو شائع کی)

2 مئی 2024



گاؤں والوں کی شکایت پر چائلڈ کمیشن کی ٹیم نے دوبگہ یوپی میں واقع مدرسہ پر کارروائی کرتے ہوئے 21 بچوں کو آزاد کرایا۔ (امر اجالا میں خبر شائع ہوئی)



'بھنگی ہے تو' کہتے ہوئے صفائی کارکن پر حملہ کیا گیا۔ (للن پوسٹ نے یہ خبر شائع کی)

3 مئی 2024۔

پہلی بار وزیر اعظم نریندر مودی براہ راست "لو جہاد" اور "لینڈ جہاد" کے مسلم مخالف سازشی نظریات پر روشنی ڈالتے ہوئے اس کی حمایت کر رہے ہیں۔ مودی نے کہا

"میں نے زمینی جہاد اور لو جہاد کے بارے میں سنا تھا، لیکن اب مجھے ووٹ جہاد کی فکر ہے۔" (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) پر ایک ویڈیو نشر کی گئی)

انتخابی ریلی میں یوپی کے سی ایم یوگی آدتیہ ناتھ کی تقریر کے سرفہرست موضوعات میں یہ باتیں شامل تھیں "وراثتی ٹیکس نیا جزیہ ٹیکس ہے، اورنگ زیب، مغلوں کی اولاد، او بی سی ریزرویشن مسلمانوں کو دے دیں گے، مسلم پرسنل لاء اور اسلامائزیشن کے خلاف بھی انھوں نے خطاب کیا۔" (آمنہ کوثر (X) نے ایک ویڈیو شیئر کی)

"جہادی ووٹ" مطلب واضح ہے کہ بی جے پی کا آفیشل ٹویٹر ہینڈل مسلمانوں کو جہادی کہہ کر طعن و تشنیع کر رہا ہے۔ (BJP4India نے یہ جملہ شائع کیا)

دو عیسائی مردوں کو مبینہ طور پر تبدیلی مذہب کا الزام دے کر زدوکوب کیا گیا۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) نے ایک ویڈیو شائع کی)



آزاد دلت امیدوار چھیدو چمار کو سی او ستیندر تیواری نے دھکیل دیا اور کہا "چل نکل یہاں سے، تمہاری اوقات ہے یہاں، ٹھیک کر دونگا..." (دی موکنائک نے ایک ویڈیو شائع کی)



یو پی ایس سی میں مسلم نوجوانوں کی بڑھتی فیصد کو دیکھتے ہوئے اقلیتی امور کی وزیر اسمرتی ایرانی نے ممبئی کے سنٹرل حج ہاؤس میں چل رہے آئی اے ایس کوچنگ سنٹر کو بند کر دیا ہے۔ (جاوید پٹیل نے ایک خبر شیئر کی)



وجے پورہ میں بجرنگ دل کے مبینہ ارکان نے مویشیوں کے تاجر پر وحشیانہ حملہ کیا۔ حملہ آوروں نے جن کی قیادت بجرنگ دل کے لیڈر ویریش ہیرے مٹھ اور راجو برادار اکر رہے تھے، نے مسلم نوجوان نواز پر حملہ کیا، جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہو گیا۔(ورتھابھارتی کے ایکس ہینڈل سے یہ بات سامنے آئی)

بنگلورو کے ایک مسلمان تاجر جو اب ممبئی میں آباد ہیں، کہہ رہے ہیں کہ بی جے پی کی طرف سے پھیلائی گئی نفرت ان کی روزمرہ کی زندگی اور دوسروں کے ساتھ تعلقات کو متاثر کر رہی ہے۔(ہیٹ ڈیٹیکٹرس(X) پر ایک ویڈیو شیئر کی گئی)

4 مئی 2024

بڑودہ میں انڈا بیچنے والے فیضان کو پولس نے اتنا مارا کہ وہ زندگی بھر کے لیے مفلوج ہو کر رہ گیا۔(آبزرور پوسٹ نے یہ خبر شائع کی)

دائیں بازو کے ایک رہنما نے بجرنگ دل و شو ہندو پریشد کے کسی پروگرام میں مسلمانوں کے خلاف خطرناک تقریر کی اور کہا کہ ”ہم اس وقت تک لڑیں گے جب تک ہندوستان کی یہ سرزمین ان شیطانوں (مسلمانوں) سے آزاد نہیں ہو جاتی۔“(دی مسلم(X) پر ایک ویڈیو شیئر ہوئی)

مسلم لیبل والے کردار کو ترجیحی طور پر فنڈز دیے جا رہے ہیں، اور دیگر پسماندہ قوموں کا حق چھین کر مسلمانوں کو کھلایا پلایا جا رہا ہے۔(bjp4karnataka نے ایک ویڈیو شیئر کی)

5 مئی 2024

گجرات کے دیو بھومی دوارکا ضلع میں کم از کم 575 مسلم ماہی گیر ووٹ نہیں ڈال سکیں گے کیوں کہ ضلع کے گانڈوی اور نوادرا گاؤں میں بندرگاہوں کے قریب انہدام کے بعد ووٹر لسٹ سے ان کے نام حذف کر دیے گئے تھے، اور ان سے کہا گیا کہ ”اگر آپ اپنی ووٹر پرچی چاہتے ہیں تو آپ کو جیل جانا پڑے گا۔“(مکتوب میڈیا میں یہ خبر شائع ہوئی)



اروِن تھاتھیار برادری سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے (جو درج فہرست ذات میں شامل ہیں) ایک مندر میں داخل ہونے کی کوشش کی تو اعلیٰ برادری کے افراد بشمول نائکر، اڈیار اور گونڈر ذات کے لوگوں نے انہیں داخلے سے منع کر دیا۔ اس کی وجہ سے آپس میں جھگڑا اور تصادم ہوا۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹرس(X) نے ویڈیو شیئر کی)

6 مئی 2024



بی جے پی لیڈر سنبھل میں فسادات کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں، نیز یہ ہدایت دی گئی کہ "مسلم خواتین کے سامنے لڑو تاکہ مسلم خواتین خوف سے ووٹ نہ ڈالیں۔ اس سلسلے میں پولیس اور پریزائیڈنگ افسران کو بھی خریدنا پڑتا ہے۔" (برق ضیاء (X) نے ایک ویڈیو شیئر کی)

ٹی راجہ سنگھ بی جے پی لوک سبھا امیدوار رام وٹھال کی حمایت حاصل کرنے والے ایک پروگرام میں مسلمانوں کے خلاف تشدد اپنانے کی تبلیغ کر رہا ہے۔ اس نے مسلم مخالف نعرے لگائے، روہنگیا پناہ گزینوں کو نشانہ بنایا اور مسلم مخالف مختلف سازشی نظریات کو فروغ دیا۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) نے ایک ویڈیو شیئر کی)

بی جے پی ایم پی نونیت رانا لوگوں کو دھمکی دے رہی ہے کہ اگر وہ جے شری رام کہنے سے انکار کرتے ہیں تو وہ پاکستان چلے جائیں۔" (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) نے ایک ویڈیو شیئر کی)



بھارت کے مسلمانوں کو غیر سماجی اور شیطانی شکل میں پیش کرنے کے لیے بی جے پی کس طرح اشتہار کا استعمال کر رہی ہے۔ (حبیب انعامدار (X) نے ویڈیو شائع کی)

بی جے پی لیڈر ساکشی مہاراج نے ایک انتخابی ریلی میں کہا کہ "کچھ لوگ ہندوستان پر حملہ کرنا چاہتے ہیں تاکہ 2045 میں ہندوستان میں اسلامی پرچم لہرایا جائے"۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) پر ایک ویڈیو شیئر کی گئی)

7 مئی 2024

یوپی پولس نے مبینہ طور پر مسلم ووٹروں پر لاٹھی چارج کیا ہے۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) پر ایک ویڈیو شیئر کی گئی)

7 مئی کو ہارونخان (ایکس) نے ایک ویڈیو شیئر کی جس میں دیکھایا گیا کہ گئو رکشک بٹو بجرنگی مسلمانوں کے خلاف انتہائی نفرت انگیز تقریر کر رہے ہیں۔

سوشل میڈیا کی معروف اداکارہ کاجل ہندوستانی مسلمانوں کے خلاف نفرت انگیز تقریر کر رہی ہے۔ اس نے مسلم مخالف سازشی نظریات کو آگے بڑھایا اور صرف ہندوؤں کے ساتھ کاروبار کرنے پر زور دیا۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) پر ایک ویڈیو شیئر ہوئی)

پولس پولنگ بوتھ سے لوگوں کو لاٹھیوں سے پیٹ کر بھگا رہی ہے اور ووٹرس کی پرچیاں چھین رہی ہے۔ (سچن گپتا (X) نے ویڈیو شیئر کی)

9 مئی 2024

احمد آباد کے مضافات میں واقع امام شاہ بابا کی 600 سال پرانی درگاہ میں منگل دیر رات اس وقت تشدد بھڑک اٹھا جب شر پسندوں کے ایک گروپ نے قبروں کو مسمار کر کے مزار میں مورتیاں نصب کر دیں۔ (مکتوب میڈیا نے یہ خبر شائع کی)

بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) سے امراوتی حلقہ کی لوک سبھا امیدوار نونیت رانا فرقہ وارانہ تقریر کر رہی ہے، وہ کہہ رہی ہے کہ "حیدر آباد پاکستان ہوتا اگر بی جے پی نہ ہوتی۔ اگر آپ اسے پاکستان بننے سے بچانا چاہتے ہیں تو مادھوی لتا کو ووٹ دیں۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) پر ایک ویڈیو شائع ہوئی)

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا، "وہ رمضان کے دوران 7/24 بجلی فراہم کرتے تھے لیکن ہولی اور دیوالی پر نہیں، ہم نے اسے بدل دیا۔" (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) پر ایک ویڈیو شیئر کی گئی)

اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی انتخابی مہم میں کہہ رہے ہیں "اگر آپ پاکستان کا نعرہ لگاتے ہیں، تو وہاں رہو، ہندستان پر بوجھ نہ بنو۔ اپوزیشن دہشت گردوں کی حمایت کرتی ہے، گائے ذبیحہ کی حمایت کرتی ہے اور رام مندر کی مخالفت کرتی ہے۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) پر ایک ویڈیو شیئر کی گئی)



70 پاکستانی کسی مدرسے میں ٹھہرے ہوئے ہیں، حالانکہ وہ دراصل نئی دہلی کے نظام الدین میں واقع ایک ہوٹل میں مقیم تھے۔ (انڈیا نیوز میں ایک خبر پر یہ تھمب نیل لگائی گئی)

10 مئی 2024

کچھ لوگ کہہ رہے ہیں کہ جامع مسجد مندر کمپلیکس اور سلیم چشتی کی درگاہ کا مکھیا مندر ہے۔ آگرہ کی سول کورٹ سینئر ڈویژن میں ایک نیا دعویٰ دائر کیا گیا جس میں کہا گیا ہے کہ فتح پور سیکری میں واقع شیخ سلیم چشتی کی درگاہ کا مکھیا مندر ہے اور جامع مسجد کا مکھیا مندر کمپلیکس ہے۔ (مسلم (X) پر ایک ویڈیو شائع ہوئی)



ایک ہجوم دو ٹرک ڈرائیوروں کو رسیوں سے باندھ کر مبینہ طور پر مویشیوں کی نقل و حمل کے الزام میں پیٹ رہا ہے۔ (محمد آصف خان (X) نے ایک ویڈیو شیئر کی)

امراوتی حلقہ سے بی جے پی کی لوک سبھا امیدوار نونیت رانا نے حیدرآباد کی امیدوار مادھوی لتا کی ایک مسجد کے پاس سے گزرتے ہوئے خیالی تیر چلانے کے مکروہ فعل کو دہرایا۔ (مسلم (X) پر ایک ویڈیو شیئر کی گئی)

ہندوؤں کے لیے ہندوستان کا جھنڈا اور ہندوستانی مسلمانوں کے لیے پاکستان کا پرچم ہے۔

کنڑ نیوز چینل Asianet Suvarna News اور اس کے اینکر اجیت ہنومکانور نے EAC-PM رپورٹ پر گفتگو کرتے رپورٹ میں موجود اس مکروہ حقیقت کو واشگاف کیا۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) پر ایک ویڈیو شائع ہوئی)



مہامنڈلیشوریتی نر سنگھانند گری کہہ رہا ہے- "اس ملک کی ایک اور تقسیم نہیں ہونی چاہیے۔ اس ویدک قوم میں کوئی مسجد، مدرسہ یا مسلمان نہیں ہونا چاہیے۔" (سچن گپتا (X) نے ایک ویڈیو شیئر کی)

ہندو راشٹرا سینا کا سربراہ دھنجے دیسائی مسلمانوں کو نشانہ بناتے ہوئے نفرت انگیز تقاریر کر رہا ہے اور متھرا اور کاشی میں مساجد پر قبضے کی وکالت کر رہا ہے۔ (مسٹر حق (X) نے ایک ویڈیو شیئر کی)

بی جے پی لیڈر گری راج سنگھ نے مسلمانوں کے خلاف فرقہ وارانہ تقریر کی۔ (مسٹر حق (X) نے ایک ویڈیو شیئر کی)



کانگریس کے لیے انتخابی مہم چلانے پر ایک مسلم نوجوان کا قتل کیا گیا۔ قتل کا یہ واقعہ کلبرگی ضلع کے افضل پور تعلقہ کے سنگا پور گاؤں میں پیش آیا۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) پر ایک ویڈیو شائع ہوئی)

11 مئی 2024

بی جے پی لیڈر راشونی اپادھیائے مسلمانوں کے خلاف خوف اور نفرت کو فروغ دینے کے لیے سازشی نظریات پھیلا رہے ہیں۔(مسلم(X)پر ایک ویڈیو نشر کی گئی)

12 مئی 2024

ہمنتا بسوا سرما کہہ رہا ہے: "اگر آپ ہندستان میں رہنا چاہتے ہیں تو ایک ہندو کی طرح زندگی گزاریں۔ ہندستان کی بنیاد ایک ہندو نے رکھی تھی۔ مغربی بنگال میں آبادیاتی تبدیلی کے بارے میں خوف پھیلاتے ہوئے وہ دعوی کرتے ہیں کہ مسلمانوں کی آبادی بڑھ رہی ہے اور ہندو کم ہو رہے ہیں اور ہم ایسا نہیں چاہتے۔ ہمیں گیانواپی مسجد کی جگہ ایک مندر دیکھنے کی ضرورت ہے۔ ہمیں متھرا میں کرشن جنم بھومی پر بھی ایک مندر دیکھنے کی ضرورت ہے۔ یہ صرف نریندر مودی کے دور میں ہی ہو سکتا ہے، ہمیں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے بھی 400 سیٹوں کی ضرورت ہے کہ ہمارے رام مندر کی جگہ بابری مسجد دوبارہ نہ بنے، اس لیے پی ایم مودی کو 400 سیٹ دیں۔(ہیٹ ڈیٹیکٹرس(X)پر ایک ویڈیو شیئر ہوئی)



گئو رکشکوں نے خطرناک طریقے سے مویشیوں کو لے جانے والی ٹرک کا تعاقب کیا۔ اس کے بعد ایک مسلمان ڈرائیور اور دوسرے مسافر کو رسیوں سے باندھ کر پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔(ہیٹ ڈیٹیکٹرس(X)پر ایک ویڈیو شیئر کی گئی)

کملیش راجپوت نے 8 سالہ قبائلی لڑکی پوجا بھیل کی عصمت دری کی اور اس کے 10 ٹکڑے کر دیئے۔(ٹرائبل آرمی(X)پر ایک خبر شائع ہوئی)

وائس آف انڈین مسلم (X) نے روہت گپتا نامی ایک بدمعاش کا اسکرین شاٹس شیئر کیا جو پیغمبر اسلام کی توہین پر مبنی ہے۔

13 مئی 2024

ہندو مردوں اور ہندو عورتوں نے برقعہ پہن کر پوجا کی اور مسلم خواتین کو بدنام کیا۔(دی مسلم(X) پر ایک ویڈیو شائع ہوئی)

اتر پردیش کے سیتاپور سے تعلق رکھنے والے گلزار احمد کا کہنا ہے کہ پولیس والے خاندان کے مردوں کو خواتین کی پرچیاں لینے کی اجازت نہیں دے رہے ہیں۔(ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) پر ایک ویڈیو شائع ہوئی)

مادھوی لتا کی ایک ویڈیو منظر عام پر آئی ہے، جس میں وہ مسلم خواتین ووٹرز کا برقعہ اتار کر ان کی شناختی کارڈ چیک کر رہی ہیں۔(انڈیا ٹی وی نے یہ خبر چلائی)

نظام آباد کے ایم پی ارونڈ دھرم پوری مسلم خواتین سے پوچھتے ہوئے نظر آئے کہ وہ برقعہ پہن کر ووٹ دینے کیوں آئی ہیں۔(مسلم اسپیس (X) پر ایک ویڈیو شیئر ہوئی)

بی جے پی راجیہ سبھا رکن راکیش سنہا نے اشتعال انگیز تقریر کرتے ہوئے کہا: "میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ 2024 کے بعد کاشی وشوناتھ مسجد کو ہٹا دیں گے، متھرا میں مسجد کو ہٹا دیں گے۔"(مسٹر حق (X) نے ایک ویڈیو شیئر کی)

یوگی (X) نے پون تیواری فیس بک اکاؤنٹ اور پیج کے ذریعے دو کمیونٹیز کے درمیان نفرت اور عداوت پیدا کرنے اور فسادات بھڑکانے کی نیت سے مسلم کمیونٹی، مذہب اسلام اور خواتین پر ناقابل برداشت، ناشائستہ اور بیہودہ تبصرے کا ایک اسکرین شاٹ شیئر کیا۔

14 مئی 2024



گئو رکشکوں نے مویشی لے جانے پر ٹرک ڈرائیور کی پٹائی کی۔(ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) پر ایک ویڈیو شیئر ہوئی)

اندور لاء کالج میں اے بی وی پی کے طلبہ نے دیپندر سنگھ ٹھاکر کی قیادت میں پرنسپل انعام الرحمٰن پر اسلام کو فروغ دینے کا الزام لگایا، جس سے میڈیا میں غم و غصہ پھیل گیا۔ رحمان نے استعفیٰ دے دیا، اور ان کے خلاف ایف آئی آر درج کی گئی اور ڈاکٹر بیگ اور ڈاکٹر خان کے ساتھ چار مسلمان پروفیسروں کو نکال دیا گیا۔ حالاں کہ یہ پورا معاملہ جھوٹ پر مبنی تھا۔(کاش/اف کاکوی (X) پر ایک خبر شائع ہوئی)

راکیش نامی شخص کے اسکرین شاٹس شیئر کیے گئے جس میں نفرت پر مبنی کلمات بھرے تھے، ان میں خاص طور پر اسلام اور گاندھی جی کو گالی دی گئی۔(وائس آف انڈین مسلم (X) پر)

15 مئی 2024



مسلم طالبات الزام لگا رہی ہیں کہ مراٹھا کالج نے برقعہ اور حجاب پہننے پر پابندی عائد کر دی ہے۔ (مسلم اسپیس (X) پر ایک ویڈیو شئیر ہوئی)

دو ملزم ہوم گارڈز س کو تحصیل دفتر میں راجیش کو مارتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے، اسے زمین پر پٹخ دیا گیا اور ان میں سے ایک نے اپنا بوٹ راجیش کے چہرے پر ڈال دیا جب کہ لوگ دیکھتے رہے۔ اسے رائفل کی بٹ سے بھی مارا گیا۔

"تم مفت میں راشن لیتے ہو اور کہیں اور ووٹ دیتے ہو،" یہ بات دو ہوم گارڈز نے دلت چوکیدار راجیش کو اتر پردیش کے بریلی میں وحشیانہ جسمانی حملے سے پہلے کہی۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) نے ایک ویڈیو شائع کی)



گئو رکشکوں نے مبینہ طور پر مویشی لے جانے کے الزام میں ایک منی ٹرک ڈرائیور کو مارا پیٹا اور اس کی گاڑی میں توڑ پھوڑ کی۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) نے ایک ویڈیو شیئر کی)

فون بند کرتے ہوئے اس نے اپنے دوست سے "جئے بھیم، نمو بودھا" کہا تو پنڈت جی کے دو لڑکوں نے اس دلت کو مارا پیٹا۔ (کاش/اف کاکوی (X) نے ایک ویڈیو شائع کی)

وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک انتخابی ریلی میں کہا کہ کانگریس 15 فیصد پیسہ مسلمانوں پر خرچ کرنا چاہتی ہے۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) نے ایک ویڈیو شائع کی)

16 مئی 2024



وشو ہندو پریشد کے ایک رہنما کہہ رہے ہیں، ''اگر بی جے پی کی حکومت آتی ہے تو مودی جی آپ کی نسل کو ان ملیچھ (غیر ہندو) سے آزادی دلائیں گے۔'' (مسلم (X) پر ایک ویڈیو شائع ہوئی)



اڑھائی دن کا جھونپڑا والی مسجد جو آرکیالوجیکل سروے آف انڈیا کے تحت آتی ہے، اس کی جگہ کچھ لوگوں نے ایک جین مندر ہونے کا دعوی کیا ہے۔ (آؤٹ لک انڈیا نے یہ خبر شائع کی)

اگر آپ ہندوستان پر فخر نہیں کر سکتے تو پاکستان چلے جائیں۔ بھارت پر بوجھ نہ بنیں، یہ بات اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہی۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) نے ایک ویڈیو شائع کی)



مذہبی مبلغہ لاڈلی شرن مسلمانوں کے خلاف خطرناک تقریر کر رہی ہے۔ وہ ہندوؤں کو مسلح کرنے اور مسلمانوں کے خلاف تشدد کی وکالت کر رہی ہے۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) نے ایک ویڈیو شائع کی)

یتی نرسنگھانند کہہ رہا ہے "ہم نے اپنی دھرم سنسد میں جو کچھ کہا تھا، ہندوستان کے وزیر اعظم بھی کھلے عام اب وہی کہہ رہے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ہم صحیح تھے۔" (محمد زبیر (X) نے ایک ویڈیو شیئر کی)

راشٹر اسینا کے سربراہ دھنجے دیسائی مسلمانوں کے خلاف تحقیر آمیز تقریر کر رہا ہے، وہ کہہ رہا ہے۔ "ہندوستان میں رہنے والے غیر ہندو ایک انسانی جسم میں رہنے والی بیماری (COVID19) کی طرح ہیں۔" اس نے مزید کہا کہ ہندوستان میں رہنے والے روہنگیا پناہ گزینوں کو دیمک کہا جاتا ہے۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) پر ایک ویڈیو شائع ہوئی)

17 مئی 2024



راج سنگھ کہہ رہے ہیں: 'بہار کا مدرسہ دہشت گردی کا اڈہ ہے'، یہ بیان انھوں نے سارن بم دھماکے کے پس منظر میں دیا۔ (اے بی پی لائیو پر گری راج سنگھ کے حوالے سے یہ خبر شائع ہوئی)

آسام کے وزیر اعلیٰ ہمنتا بسوا سرما کی انتخابی تقریر کچھ اس طرح تھی "کاشی اور متھرا بنائیں گے۔ ہم گیانواپی مسجد کی جگہ ایک مندر بنائیں گے؛ مسلمان تین بیویاں رکھتے ہیں اور عورتیں 12 سال کی عمر میں شادی کر کے بچے پیدا کرنا شروع کر دیتی ہیں۔" (مسلم (X) پر ایک ویڈیو شائع ہوئی)

18 مئی 2024

سول جج سینئر ڈویژن/انچارج ایڈیشنل سول جج سینئر ڈویژن کرن مشرا کی عدالت میں اٹالہ مسجد کو اٹل ماتا مندر کہنے کا مقدمہ دائر کیا گیا ہے۔ آگرہ کے وکیل اجے پرتاپ سنگھ نے اتر پردیش سنی سنٹرل وقف بورڈ اور انتظامیہ کمیٹی اٹالہ مسجد کے خلاف دعویٰ پیش کیا۔ (امر اجالا میں یہ خبر شائع ہوئی)

آسام کے وزیر اعلی ہمنتا وسوا شرما کہہ رہے ہیں.

"...ہم نے آسام میں 700 مدارس کو بند کر دیا اور کسی نے بھی اس کے خلاف آواز نہیں اٹھائی۔ کیو ں کہ یہ نیا ہندوستان ہے... آج ملاؤوں کو دُکان کھولنے نہیں دونگا، ڈاکٹر، انجینئر بنانے پر کام کرونگا... ہمیں ضرورت ہے 400 سیٹوں کی تاکہ ہم یکساں سول کوڈ (UCC) لا سکیں، کرشن جنم بھومی پر مندر تعمیر کر سکیں، اور مسلمانوں سے ریزرویشن واپس لے سکیں...." (ہیٹ ڈیٹیکٹر (X) پر ایک ویڈیو شائع ہوئی)

19 مئی 2024



بزرگ دلت جوڑے کو کھمبے سے باندھ کر مارا پیٹا گیا، کیوں

کہ ان کے بیٹے پر کسی خاتون کو چھیڑنے کا الزام تھا، اس بزرگ کو جوتوں کے ہار بھی پہنائے گئے۔(نیوز18 پر یہ خبر شائع ہوئی)

پی ایم مودی دعوی کر رہے ہیں کہ کانگریس نے دہلی کے اہم مقامات پر واقع 123 جائیدادیں وقف بورڈ کو دیدیں، پی ایم نے 2020 کے شمال مشرقی دہلی فسادات کے لیے بھی اپوزیشن کو ذمہ دار ٹھہرایا۔(زی نیوز نے یہ خبر شائع کی)



ہندو انتہا پسند ہجوم نے مسجد پر حملہ کیا، توڑ پھوڑ کی اور پتھراؤ کیا۔(مسلم(X) پر ویڈیو شیئر ہوئی)

نونیت رانا کہہ رہی ہیں کہ "انھوں نے اپنی گنتی کی آبادی کے ساتھ 15 منٹ کا وقت مانگا تھا۔ ہم 140 کروڑ ہیں، ہمیں صرف 15 سیکنڈ درکار ہیں۔ آؤ آمنے سامنے چلتے ہیں،"۔(مسلم (X) پر ویڈیو شیئر ہوئی)

20 مئی 2024

انتراشیہ ہندو پریشد کے سربراہ پروین توگڑیا نے مسلمانوں کے خلاف نفرت انگیز تقریر کی۔(ہیٹ ڈیٹیکرس (X) پر ایک ویڈیو شیئر ہوئی)

یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ "اب کوئی بھی یوپی کی سڑکوں پر نماز پڑھنے کی ہمت نہیں کرتا۔ مساجد نے اپنے مائیک ہٹا دیے ہیں۔ اگلے پانچ سالوں میں لوگ مساجد کی اذان بھول جائیں گے"۔(ہیٹ ڈیٹیکرس (X) پر ایک ویڈیو شیئر ہوئی)



گئو رکشکوں نے گائے لے جانے کی وجہ سے کئی لوگوں پر حملہ کیا اور ان کے ساتھ مار پیٹ کی۔(مسلم (X) پر ایک ویڈیو شیئر ہوئی)

بی جے پی لیڈر نے ایک نیا سازشی نظریہ وضع کیا جسے اس نے "سیاسی جہاد" کا نام دیا۔(ہیٹ ڈیٹیکرس (X) پر ایک ویڈیو شیئر ہوئی)

پی ایم مودی انتخابی تقریر میں کہہ رہے ہیں: "ایسا لگتا ہے کہ کانگریس کا منشور مسلم لیگ کے دباؤ میں بنایا گیا ہے۔ وہ سرکاری ٹھیکے مذہب کی بنیاد پر دینا چاہتے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ ٹیموں کے لیے کھلاڑیوں کا انتخاب مذہب کی بنیاد پر کیا جائے۔ وہ قومی بجٹ کو مذہب کی بنیاد پر تقسیم کرنا چاہتے

ہیں۔ وہ آپ کی دولت کا ایکسرے کرانا چاہتے ہیں اور اس کا نصف ووٹ بینک میں تقسیم کرنا چاہتے ہیں۔ ووٹ جہاد کی سازش پھیلائی جارہی ہے۔ مسلمان ووٹ جہاد کریں گے اور اس کے بدلے ان کو وقف بورڈ کی جائیدادیں ملیں گی۔ ہمیں ایک ایک کر کے ایسے لوگوں کو صاف کرنا ہے۔۔" (ہیٹ ڈیٹیکرس(X) پر ایک ویڈیو شیئر ہوئی)

راشٹریہ بجرنگ دل آسام کے صدر دنیش کلیتا نے ہنومان چالیسہ کیندر میں نفرت انگیز تقریر کرتے ہوئے کہا: "جس رفتار سے مسلمان اپنی آبادی میں اضافہ کر رہے ہیں، ان کا ایک ہی مقصد ہے - ہندوستان کو ایک مسلم ملک بنانا... وہ ایک مہم چلا رہے ہیں کہ کس طرح ہندوؤں کو اقلیت بنایا جائے... وہ 3-4 عورتوں سے شادیاں کرتے ہیں اور 20-25 بچے پیدا کرتے ہیں۔ انہوں نے مسلمانوں پر 'لو جہاد' کرنے کا الزام لگایا۔ "آسام میں ہندو توا کی حکومت ہونے کے باوجود، وہ اب بھی ہندو بیٹیوں اور بہوؤں کو لو جہاد میں پھنسا رہے ہیں اور ان کا مذہب تبدیل کر رہے ہیں۔" (ہیٹ ڈیٹیکرس(X) پر ایک ویڈیو شیئر ہوئی)

21 مئی 2024

یوگی آدتیہ ناتھ انتخابی مہم کے دوران کہہ رہے ہیں: "یہ انتخاب رام بھکت اور رام دروہی کے درمیان ہے۔ صرف وہی لوگ جو رام بھکت ہیں راشٹر یہ بھکت ہو سکتے ہیں۔ اورنگزیب کی روح کانگریس میں داخل ہو چکی ہے۔ اورنگزیب جزیہ؛ مسلم ریزرویشن۔" (ہیٹ ڈیٹیکرس(X) پر ایک ویڈیو شیئر ہوئی)

یوگی آدتیہ ناتھ اپنی انتخابی مہم میں کہہ رہے ہیں "سب سے پہلے انھوں نے مسلمانوں کو او بی سی اور ایس سی/ایس ٹی ریزرویشن دینے کا فیصلہ کیا۔ اپوزیشن آپ کے اثاثوں کا سروے کرے گی اور اس کا آدھا حصہ بنگلہ دیش، پاکستان اور افغانستان کے مسلمانوں کو دے گی۔ فرض کریں کہ آپ کے پاس 4 بیڈروم کا گھر ہے وہ 2 بیڈروم ضبط کر کے بنگلہ دیشی یا پاکستانی کو دے دیں گے۔ کیسے جیو گے؟ تیری زندگی برباد ہو جائے گی۔ اورنگ زیب نے صرف کاشی اور متھرا کے مندر توڑے، یہ تو سب کے گھر برباد کرنا چاہتے ہیں۔ (ہیٹ ڈیٹیکرس(X) پر ایک ویڈیو شیئر ہوئی)

نڑیاد کے ہتھنولی گاؤں میں ٹھاکر برادری کے پانچ افراد نے ایک دلت خاندان کے تین افراد پر جلوس نکالنے کی پاداش میں حملہ کیا۔ (ٹائمز آف انڈیا میں یہ خبر شائع ہوئی)

میٹا (META) نے سب سے بڑے جمہوری انتخابات کے درمیان، ہندوستان میں مسلم مخالف AI سے تیار کردہ اشتہارات کو منظوری دی۔ (دیدی(X) پر ایک اسکرین شارٹ شیئر کی گئی)

22 مئی 2024

بی جے پی کی طرف سے منعقد ایک تقریب میں، گوُرکشک بٹوبجرنگی نے مسلم مخالف سازشی نظریات کو پیش کیا۔(ہیٹ ڈیٹیکرس(X) پر ایک ویڈیو شیئر ہوئی)



بالی ووڈ کی جانب سے ایک فلم بنائی جارہی ہے جس کے ٹریلر میں خود قرآن کی سورہ بقرہ کو غلط طریقے سے پیش کیا گیاہے۔(آئی این ڈی اسٹوری پر ایک ویڈیو شیئر کی گئی)

یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا، ''نماز پڑھنے والے یوپی کی سڑکوں سے غائب ہوگئے ہیں۔''(ALT نیوز پر یہ خبر شیئر ہوئی)

23 مئی 2024

ممبئی کے گورے گاؤں میں ایک چوکیدار نے ایک مسلمان ڈیلیوری بوائے کو بتایا کہ جب اس نے اس کے سر پر ٹوپی دیکھی تو وہ خوف زدہ ہوگیا۔(وقار حسن(X) پر ایک خبر شیئر کی گئی)

24 مئی 2024

یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا"مساجد کے مائیکروفون ہٹادیے گئے ہیں۔ اگلے 5 سالوں میں لوگ بھول جائیں گے کہ یہ بھی موجود تھا۔(دی مسلم پر ایک ویڈیو شیئر کی گئی)

لڑائی سناتن دھرم اور مسلمانوں کے درمیان ہے، اس ملک میں یہ واحد لڑائی ہے۔ بی جے پی کے کونسلر رویندر سنگھ نیگی نے علاقے کے پارکوں میں انتخابی مہم چلاتے ہوئے فرقہ وارانہ تقریر کرتے ہوئے کہا، "جس طرح یہ 'برقعہ پہننے والی' 100 فیصد ووٹ دیتی ہیں، کالے برقعوں میں لمبی قطاروں میں کھڑے ہوتی ہیں، ہمیں بھی لمبی لمبی قطاروں میں کھڑا ہونا چاہیے۔ قطاریں لگائیں اور ووٹ دیں۔ ورنہ ملک محفوظ نہیں رہے گا... یہ تمام جماعتیں اکٹھی ہوئی ہیں اور کہہ رہی ہیں کہ مسلمانوں کو تمام حقوق دیں گے۔(دی مسلم(X) پر ایک ویڈیو شیئر ہوئی)

بی جے پی لیڈر کپل مشرا نے ایک انتخابی میٹنگ میں کہا کہ ''انھوں نے پوچھا کہ آپ کتنے افضل کو ماریں گے؟ آپ کو افضل ہر گھر میں ملے گا۔ افضل جہاں سے نکلے گا ہم اس گھر میں گھس کر اسے قتل کر دیں گے۔ کب تک باہر آئیں گے؟ وہ اب رک گئے ہیں۔" اس نے مزید زہر اگلتے ہوئے

کہا کہ یہ صرف ٹریلر ہے اور لوگوں نے صرف ایک پر سکون نریندر مودی کو دیکھا ہے جو بنیاد ڈال رہے تھے اور 'دیمک' ہٹا رہے تھے۔ اس تیسری مدت میں ان تمام 'بیماریوں' کا علاج کیا جائے گا۔ (ہیٹ ڈیٹکٹرس (X) پر ایک ویڈیو شیئر ہوئی)

پی ایم مودی انتخابی مہم کے درمیان کہہ رہے ہیں: "وہ صرف اپنے ووٹ بینک والوں کو مکان دیں گے۔ جو دہشت گرد اس وقت جیلوں میں بند ہیں انہیں کانگریس آزاد کرائے گی اور وہ انہیں وزیر اعظم ہاؤس میں بریانی کھانے کے لیے بلائے گی۔ کانگریس سماج کو تقسیم کرنا چاہتی ہے اور لوگوں کو ووٹ جہاد کرنے پر مجبور کرنا چاہتی ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ہندوستان کے وسائل پر پہلا حق مسلمانوں کا ہے۔ کانگریس جو یہ مانتی ہے کہ ہندوستان کے وسائل پر مسلمانوں کا پہلا حق ہے، وہ ان پر قبضہ کرنا چاہتی ہے اور پھر آپ کا پیسہ لے کر اپنے ووٹ جہاد، ووٹ بینک میں تقسیم کرنا چاہتی ہے۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹرس (X) پر ایک ویڈیو شائع ہوئی)

امت شاہ کہہ رہے ہیں کہ جھارکھنڈ میں جے ایم ایم کی قیادت والی حکومت زمین اور جنگل جہاد کر رہی ہے۔ (دی ہندو میں یہ خبر شائع ہوئی)

ایک مسلمان شخص کو **پولیس نے بے دردی سے مارا**۔ عارف کی موٹر سائیکل پر نمبر پلیٹ نہ ہونے کی وجہ سے پہلے اس کا نام اور پتہ پوچھا گیا، پھر اسے تھانے لے جا کر رات بھر مارا پیٹا گیا اور اس کے خلاف جھوٹا مقدمہ بنایا گیا۔ (مسلم (X) پر ایک ویڈیو شائع ہوئی)

25 مئی 2024

وزیر اعظم نریندر مودی کا کہنا ہے کہ "انڈیا بلاک مسلم ووٹ بینک کے لیے مجرا کر رہا ہے۔" (ٹیلی گراف انڈیا میں یہ خبر شائع ہوئی)

27 مئی 2024



مشری خان کے پاس 2 بھینسیں تھیں۔ گجرات میں **'گئو رکشکوں' نے اسے مار ڈالا**، پولیس نفرت پر مبنی جرم کا مقدمہ نہیں درج کر رہی ہے۔ (دی وائر نے یہ خبر شائع کی)

28 مئی 2024

"گئو رکشکوں" نے جانوروں کو لے جانے کے الزام میں دو مسلم نوجوانوں کی پٹائی کی۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹر (X) نے ایک ویڈیو شیئر کی)

ٹی راجہ سنگھ نے مسلمانوں کے خلاف تشدد کو ہوا دی۔ اس نے ہندوؤں سے کہا کہ وہ ان لوگوں کے سینے میں گولی مار دیں جو لوگوں کا مذہب تبدیل کرتے ہیں اور 'لو جہاد' میں شامل ہیں۔ اس نے بال ٹھاکرے کے بیان کا حوالہ دیتے ہوئے 'لینڈیا (مسلمانوں) کو گولی مارو' بھی کہا۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹر (X) نے ایک ویڈیو شیئر کی)

ایک ملحد جو اپنی شناخت ایکس مسلم کے طور پر کرتا ہے، اس مقدس کتاب پر پاؤں رکھ کر، اس کے صفحات پھاڑ کر، اور اسے جلا کر قرآن کریم کی توہین کی۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹر (X) نے ایک ویڈیو شیئر کی)

29 مئی 2024

کچھ نوجوانوں نے لکھنؤ میں گڑھی کنوڑہ کے مسلم قبرستان میں کئی قبریں مسمار کر دیں۔ (کاوش عزیز (X) نے یہ خبر شیئر کی)





30 مئی 2024

اچانک کالج میں اشتعال انگیز گانا "بھارت کا بچہ بچہ جئے شری رام بولیگا" ماحول کو خراب کرنے کے لیے چلایا گیا جب کہ تمام طلبہ پرامن طریقے سے کالج میں منعقدہ سالانہ ای بز فیسٹیول سے لطف اندوز ہو رہے تھے۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹر (X) نے ایک ویڈیو شیئر کی)

ہمنتا بسوا شرما کہہ رہے ہیں کہ. "400 سیٹیں دیں ہم کاشی اور متھرا میں مندر بنائیں گے۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹر (X) نے ایک ویڈیو شیئر کی)



یوگی آدتیہ ناتھ اپنی تقریر میں کہہ رہے ہیں: "وہ مسلمانوں کو اوبی سی ریزرویشن دیں گے۔ وہ مسلمانوں کی پرسنل لا نافذ کریں گے۔ طالبان کی حکومت بنائیں گے۔ خواتین کو برقعہ پہننا پڑے گا۔ خواتین اسکول یا بازار نہیں جا سکیں گی۔ وہ تین طلاق کو واپس لانا چاہتے ہیں۔ وہ شریعت کا نفاذ چاہتے ہیں۔ گائے کا ذبیحہ چاہتے ہیں۔ (ہیٹ ڈیٹیکٹر (X) نے ایک ویڈیو شیئر کی)

www.jem.org.in



JEM Newsletter

May 2024

published by

Justice and Empowerment of Minorities

A Jamiat Ulama-i-Hind Initiative

Email: contact@jem.org.in/ jemindia22@gmail.com

Jamiat Ulama-i-Hind

No.1, Bahadur Shah Zafar Marg,
New Delhi - 110002